گورنر وزیراعلیٰ، وزراء | سیاسی جماعتیں


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان


NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 555

DATED 28-06-2026.

**SUBJECT:- <u>PRESS CLIPPINGS.</u>**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*


RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com


CamScanner

گورنر وزیر اعلیٰ، وزراء

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.06.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان میں آپریشنز خودکش بمباری سمیت فتنہ الہندوستان کے 8 دہشتگرد ہلاک، صدر، وزیر اعظم، وزیر داخلہ۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 02 | ہماری دانشمندانہ عملی منصوبہ سازوں کو مدد فراہم کریگی، گورنر۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | خاران اور مستونگ میں 8 دہشت گرد ہلاک کامیاب کارروائیوں کو فورسز، کو وزیر اعلیٰ کا خراج تحسین۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | بہتری سیکورٹی انتظامات کرنے پر حکومت مبارکبادکی مستحق ہے، زرہ اور کان اسمبلی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | زیارت میں تبلیغی جماعت پر حملہ قابل مذمت ہے، بومحمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | امام حسینؓ کی قربانی انسانیت کیلئے روشن مثال ہے، میر ضیاء لانگو۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ترقیاتی منصوبوں میں غفلت، کرپشن ہرگز برداشت نہیں، بخت کاکڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | وزیر داخلہ کا نجی ہوٹل کے مالک کے قتل کا نوٹس، رپورٹ طلب۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 09 | چاغی مائننگ سائٹ سے اغواء ہونے والا ترک شہری بازیاب، ترکیہ روانہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان متعدد اضلاع میں زلزلہ، رکھنی میں 110 مکانات متاثر 18 افراد زخمی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ یوم عاشورہ کا مرکزی ماتمی جلوس سخت سیکورٹی حصار میں اختتام پذیر، آئی جی پولیس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | اے سی صدر نے بچ سے آنے والے جلوس کی نگرانی کی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14 | گوادر پورٹ سے ایران ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے نیا ہدایت نامہ جاری۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15 | اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری کی بزنجو ہاؤس نال آمد۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16 | ضلع زیارت میں تبلیغی جماعت پر حملہ قابل مذمت ہے، پشتونخوا میپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | کوئٹہ سے کراچی جانے والوں کو چیک پوسٹوں پر تنگ کرنا غیر انسانی عمل ہے، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| | | جنگ ودیگر اخبارات |
| | | جنگ ودیگر اخبارات |
| | | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کچلاک بائی پاس پر فائرنگ کوئٹہ ممتاز ریسٹورنٹ کا مالک جاں بحق لواحقین کا روڈ بلاک احتجاج، گوگل میپ نے کراچی جانے والے خاندان کو موت کے منہ میں دھکیل دیا، دہشت گردوں کی فائرنگ سے سربراہ ہلاک، کھیتار آباد: اراضی کے تنازعے پر تصادم میں باپ ہلاک، تین بیٹوں سمیت 4 زخمی۔

## مسائل:

جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع اور تاجروں کو تحفظ فراہم کی جائے، صرافہ ایسوسی ایشن، حب کے الیکٹرک کی ناقص کارکردگی بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے نظام زندگی مفلوج، صوبے میں امن وامان کی صورتحال سنگین ہو چکی، مرکزی انجمن تاجران۔

گورنر وزیراعلیٰ، وزراء

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.06.2026

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Missing green spaces" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **ریاست کی رٹ کے محافظ کامران نواز پنچوتھااورنصیر آباد میں امن کا نیا عزم** "وحدتی بخش مگسی کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ: " **بلوچستان اگلے سال کابجٹ ،اھداف وترجیحات اوروزیراعلیٰ بلوچستان کاعزم** کے عنوان سے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر وزیر اعلیٰ، وزراء

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Daily: Century Express Quetta

Dated: 28 JUN 2026

Page No. 1

# بلوچستان میں آپریشنز، خودکش بمبار سمیت فتنہ الہندوستان کے 8 دہشتگرد ہلاک

خاران میں 3 ہلاک، متعدد زخمی، مستونگ میں خودکش بمبار سمیت 5 دہشت گرد مارے گئے، اسلحہ، گولہ بارود برآمد

## کلیئرنس آپریشنز جاری، آئی ایس پی آر، صدر مملکت، وزیر اعظم اور وفاقی وزیر داخلہ کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سکیورٹی فورسز کی 25 اور 26 جون کو بلوچستان کے خاران اور مستونگ اضلاع میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد مارے گئے۔ ان آپریشنز کا مقصد ہندوستانی پراکسیوں، فتنہ الہندوستان کو ختم کرنا ہے۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

آئی ایس پی آر کے مطابق 25 جون کو خاران میں دہشت گردوں کے ایک گروپ کی نقل و حرکت دیکھی، موثر کارروائی کے نتیجے میں 3 دہشت گرد مارے گئے جبکہ متعدد زخمی ہوئے، 26 جون کو مستونگ میں خودکش بمبار کی ممکنہ موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں ایک خودکش بمبار سمیت 5 دہشت گرد مارے گئے، ان کے زیر استعمال اسلحہ، گولہ بارود، دیسی ساختہ بم اور موٹر سائیکلیں بھی برآمد کی گئیں۔ علاقوں میں کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ویژن عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ادھر اے پی پی کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ افسران و جوانوں کی جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیاں قابل تحسین ہیں، ملک میں بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کی مکمل بیخ کنی تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 JUN 2026

Page No. 2


# ہماری دانشمندانہ حکمت عملی منصوبہ سازوں کو مدد فراہم کریگی، گورنر

آرٹیفیشل انٹیلیجنس اب محض مستقبل کی پیش گوئی نہیں بلکہ یہ ہماری روزمرہ کی زندگی کا ایک لازمی حصہ بن چکا ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

ہمارے نوجوان خلیجی ممالک میں ڈرائیور، مزدور کی بجائے اے آئی انجینئر، سافٹ ویئر ڈویلپر، ڈیٹا سائنسدان اور ریسرچر کی حیثیت سے جائیں گے

کراچی / کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اب محض مستقبل کی پیش گوئی نہیں ہے بلکہ یہ ہماری روزمرہ کی زندگی کا ایک لازمی حصہ بن چکا ہے مصنوعی ذہانت پہلے سے ہی تعلیم، صحت، زراعت، صنعت، فنانس اور گورننس کو زیادہ مستحکم بنا رہا ہے بدلتے ہوئے عالمی رجحانات کو دیکھتے ہوئے متعدد ممالک، ملٹی نیشنل کارپوریشنز اور بین الاقوامی سرمایہ کارا۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ان نئے شعبوں میں بڑھ چڑھ کر سرمایہ کاری کر رہے ہیں گویا عالمی معیشت اور انسانی معاشرت بڑی تیزی سے آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور آٹومیشن کی جانب بڑھ رہے ہیں جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے تقاضوں پیش نظر ہم تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں مضبوط بنیادیں رکھ رہے ہیں۔ ہماری دانشمندانہ حکمت عملی زندگی کے تمام شعبوں کے پالیسی سازوں اور منصوبہ سازوں کو خاطر خواہ مدد اور فکری رہنمائی فراہم کریگی انہوں نے کہا کہ وہ کسی یونیورسٹی کا وائس چانسلر بننا ایک اعزاز ہونے کے ساتھ ایک اہم قومی ذمہ داری بھی ہے دن بہت قریب ہے جب ہمارے نوجوان دوسرے صوبوں اور خلیجی ممالک میں ڈرائیور، مزدور یا سیکیورٹی گارڈ کی بجائے اے آئی انجینئر، سافٹ ویئر ڈویلپر، ڈیٹا سائنسدان اور ریسرچر کی حیثیت سے جائیں گے گورنر مندوخیل نے مزید کہا کہ جو لوگ وقت پر آزما سیکھ جاتے ہیں

## عوام کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (ن ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی ۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

دارالحکومت کوئٹہ میں کامل جان ہوٹل کے مالک ہاشم خان نورزئی کے قتل کرنے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ تمام شہریوں کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی اولین ذمہ داری ہے

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 50 روپے

جلد 55 | اتوار 12 محرم الحرام 1448ھ 28 جون 2026ء | نمبر 174


# خاران اور مستونگ میں 8 دہشت گرد ہلاک

کامیاب کارروائی پر فورسز کو وزیراعلیٰ کا خراج تحسین

## مارے جانے والوں میں ایک خودکش بمبار بھی شامل، ٹھکانے مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے لیا گیا

**دو روز میں آٹھ دہشتگرد اپنے انجام کو پہنچ چکے، قوم اپنے بہادر سیکیورٹی اہلکاروں کو سلام پیش کرتی ہے، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران اور مستونگ میں سیکورٹی فورسز اور فتنہ الہندوستان میں فائرنگ کا تبادلہ ایک خودکشی بمبار سمیت آٹھ دہشت گرد ہلاک فورسز نے ٹھکانے مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود قبضے میں لے لئے مارے جانے والے دہشت گردی قومی شاہراہ کو بند کرنے، سیکورٹی فورسز اور عوام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سیکورٹی فورسز کی کامیابیوں پر قابل تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے امن اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر محاذ پر دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنا رہے ہیں سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز خاران میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے چار دہشت گردی کو نشانہ بتانے دہشت گردوں نے بھی فورسز پر فائرنگ کی فائرنگ کا تبادلہ کئی گھنٹے تک جاری رہا فورسز کی فائرنگ سے فتنہ الہندوستان چار دہشت گرد مارے گئے اس خودکش بمبار بھی تھا فورسز نے ٹھکانے کا مسمار کر کے اسلحہ و گولہ باروی قبضے میں لئے لیا جبکہ سیکورٹی فورسز نے مستونگ میں کارروائی کرتے ہوئے چار دہشت گردوں کو ہلاک کردیا فورسز کی کارروائی میں حملہ آور دہشت گرد قومی شاہراہ بند کر کے گاڑیوں کو لوٹ مار کر رہے تھے فورسز نے بھاری تعداد میں اسلحہ و گولہ بارود قبضے میں لے لئے

مارے جانے والے دہشت گردی قومی شاہراہ کو بند کرنے، سیکورٹی فورسز اور عوام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے بلوچستان کے اضلاع خاران اور مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 8 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکورٹی فورسز نے 25 اور 26 جون کو فتنہ الہندوستان کے خلاف انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے خاران میں دہشتگردوں کے ایک گروہ کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا، فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے 3 دہشتگرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ اس کے علاوہ 26 جون کو مستونگ میں ممکنہ خودکش حملہ آور کی موجودگی کی اطلاع پر قبل از وقت انٹیلی جنس آپریشن کیا گیا جس میں فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے جن میں ایک خودکش حملہ آور بھی شامل تھا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف خاران اور مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی دو کامیاب کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ گزشتہ دو روز کے دوران 8 دہشت گرد، جن میں ایک خودکش بمبار بھی شامل تھا، اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے بہادر سیکیورٹی اہلکاروں کو سلام پیش کرتی ہے جو بلوچستان کے امن اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر محاذ پر دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنا رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سابق قومی کرکٹر شعیب اختر کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# عاشورہ محرم میں سیکورٹی اور جامع منصوبہ بندی کے مثبت نتائج سامنے آئے، سرفراز بگٹی

**تمام اداروں کے درمیان بہترین رابطے اور مشترکہ حکمت عملی کی بدولت عزاداروں کو پرامن ماحول میسر رہا، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں محرم الحرام کے حوالے سے تمام مجالس اور جلوس پرامن ماحول میں خیر و عافیت سے اختتام پذیر ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سول انتظامیہ، رضاکاروں، علمائے کرام، منتظمین مجالس و جلوس اور عوام کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں نے بروقت، موثر اور مربوط کوآرڈینیشن کے ذریعے محرم الحرام کے دوران امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے گزشتہ برسوں کے تجربات کی روشنی میں اس سال سکیورٹی اور انتظامی منصوبہ بندی کو مزید موثر، مربوط اور جامع بنایا گیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کے درمیان بہترین رابطے اور مشترکہ حکمت عملی کی بدولت عزاداروں کو پرامن ماحول میں اپنے مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ کی طرح مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے، برداشت اور ذمہ داری کا شاندار مظاہرہ کیا، جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے حکومت، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام ایک ہی صفحے پر ہیں اور یہی قومی یکجہتی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ انہوں نے محرم الحرام کے دوران فرائض انجام دینے والے پولیس، لیویز، ایف سی، قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں، ریسکیو سروسز، محکمہ صحت، بلدیاتی اداروں اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران و اہلکاروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان کو ڈیٹا کمانڈ اینڈ کمیونیکیشن سنٹر سی پی او کوئٹہ میں 10 محرم الحرام کے دوران امن و امان سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان و دیگر اعلیٰ حکام کا سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں 10 محرم کے دوران قیام امن سے متعلق اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

سیاسی جماعتیں


CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 28 JUN 2026

Page No. 5


# امن وامان کا قیام صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

**عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کارلائے جارہے ہیں، سیکورٹی کیلئے اداروں کی بھرپور معاونت حاصل ہے**

**علماء، اداروں ودیگر کی کاوشوں سے بلوچستان میں امن، مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا مزید مضبوط ہوگی، وزیراعلیٰ**

**کورکمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان کے ہمراہ 10 محرم الحرام کے موقع پر سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ کا دورہ**

کوئٹہ (ح ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کورکمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے 10 محرم الحرام کے موقع پر سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ڈیٹا کمانڈ اینڈ کمیونیکیشن سنٹر سے لائیو کیمروں کے ذریعے کوئٹہ سمیت بلوچستان........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کے مختلف اضلاع میں یوم عاشور کے جلوسوں، مجالس اور سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور کورکمانڈر کو محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام کے لیے کیے گئے سیکورٹی اقدامات پر جامع بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں پولیس کے 32 ہزار اہلکار تعینات ہیں جبکہ ایف سی بلوچستان، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے سیکورٹی میں بھرپور معاونت فراہم کر رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ یوم عاشور کے موقع پر امن وامان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کارلائے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام متعلقہ ادارے مکمل ہم آہنگی اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں تاکہ صوبے بھر میں جلوسوں اور مجالس کا پرامن انعقاد یقینی بنایا جاسکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس، ایف سی، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، باہمی تعاون اور مربوط اقدامات کے باعث صوبے بھر میں یوم عاشور کے پرامن انعقاد کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 193 | اتوار 12 محرم الحرام 28 جون 2026ء، صفحات 6 قیمت 40 روپے


# وزیراعلیٰ کا کور کمانڈر کے ہمراہ سی پی او کا دورہ، محرم کے جلوس کا جائزہ لیا

## آئی جی پولیس نے امن وامان کے قیام کیلئے سیکورٹی اقدامات پر جامع بریفنگ دی، وزیراعلیٰ کا اظہار طمینان

## عوام کے تعاون، علماء کی رہنمائی اور سیکورٹی اداروں کی کاوشوں سے بھائی چارے کی فضاء مزید مضبوط ہوگی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے 10 محرم الحرام کے موقع پر سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ڈیٹا کمانڈ اینڈ کمیونیکیشن سینٹر سے لائیو کیمروں کے ذریعے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں یوم عاشور کے جلوسوں، مجالس اور سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے (باقی صفحہ 5 نمبر 9)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، سنٹرل پولیس آفس کے ڈیٹا کمانڈ کمیونیکیشن سنٹر میں لائیو کیمروں کے ذریعے 10 محرم الحرام کے جلسے جلوسوں اور امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر کو محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام کے لیے کیے گئے سیکورٹی اقدامات پر جامع بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں پولیس کے 32 ہزار اہلکار تعینات ہیں جبکہ ایف سی بلوچستان، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے سیکورٹی میں بھرپور معاونت فراہم کر رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ یوم عاشور کے موقع پر امن وامان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام متعلقہ ادارے مکمل ہم آہنگی اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں تاکہ صوبے بھر میں جلوسوں اور مجالس کا پرامن انعقاد یقینی بنایا جا سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس، ایف سی، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، باہمی تعاون اور مربوط اقدامات کے باعث صوبے بھر میں یوم عاشور کے پرامن انعقاد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ عوام کے تعاون، علماء کرام کی رہنمائی اور سیکورٹی اداروں کی شبانہ روز کاوشوں سے بلوچستان میں امن، مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا مزید مضبوط ہوگی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یوم عاشور ہمیں حق، صبر، ایثار، قربانی اور باطل کے سامنے ڈٹ جانے کا درس دیتا ہے۔ حضرت امام حسین اور ان کے جانثار رفقاء کی عظیم قربانی رہتی دنیا تک انسانیت کے لیے مشعل راہ رہے گی اور امت مسلمہ کو حق و صداقت، عدل اور استقامت کا پیغام دیتی رہے گی وزیراعلیٰ بلوچستان

نے یوم عاشور کے موقع پر سیکورٹی ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس، ایف سی، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکاروں کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن واستحکام کے قیام کے لیے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں، فرض شناسی اور قربانیاں قابل قدر ہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوام کے تحفظ اور پرامن ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے پوری مستعدی، چوکس رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں۔

## وزیراعلیٰ کی شعیب اختر کی رہائش گاہ جا کر تعزیت

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہفتہ کو اسلام آباد میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق مایہ ناز فاسٹ بولر شعیب اختر کی رہائش گاہ گئے اور ان سے ان کے بڑے بھائی شاہد اختر کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم شاہد اختر کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ نصیب کرے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سوگوار خاندان، بالخصوص شعیب اختر کو یہ ناقابل تلافی صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سابق قومی کرکٹر شعیب اختر کے بھائی شاہد اختر کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سیاسی جماعتیں


**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Daily: Century Express Quetta

Dated: 28 JUN 2026

Page No. 7


# غیر ملکی دہشتگردی کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی

سرفراز بگٹی

## خاران، مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کیخلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابل تعریف ہیں

## فورسز کی بے لوث قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کامیابیاں مل رہی ہیں، ایکس پر بیان

کوئٹہ (غ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خاران اور مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی دو کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

اور قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ دو روز کے دوران سیکیورٹی فورسز نے موثر انٹیلی جنس اور بروقت کارروائیوں کے ذریعے آٹھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا جن میں ایک خودکش بمبار بھی شامل تھا انہوں نے کہا کہ یہ کامیاب کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے اور بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ریاستی اداروں کے غیر متزلزل عزم کا واضح ثبوت ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر سیکیورٹی اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے جو اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر بلوچستان کے امن، پاکستان کی سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر محاذ پر دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بدولت دہشت گردی کے ناسور کے خلاف فیصلہ کن کامیابیاں حاصل ہو رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ پاکستان کے خلاف غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی اور پاکستان سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک یہ جنگ قومی عزم، اتحاد اور ثابت قدمی کے ساتھ جاری رہے گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے اور صوبے میں پائیدار امن، عوام کے تحفظ اور ریاست کی رٹ کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | اتوار 28 / جون 2026ء بمطابق 12 محرم الحرام 1448ھ | شمارہ نمبر 174


# خاران و مستونگ میں آپریشن، خودکش بمبار سمیت 8 دہشتگرد ہلاک: آئی ایس پی آر

**وزیراعظم و وزیراعلیٰ کا فورسز کو خراج تحسین**

**خاران میں فورسز کی کارروائی میں 3 اور مستونگ میں 5 دہشتگرد ہلاک ہوئے، ٹھکانے مسمار، بھاری تعداد میں اسلحہ و گولہ بارود قبضے میں لے لیا گیا**

**فورسز نے دہشتگردی کے مذموم عزائم ناکام بنا دیئے، شہباز شریف، قوم سیکورٹی اہلکاروں کو سلام پیش کرتی ہے، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر+اے پی پی) خاران اور مستونگ میں سیکورٹی فورسز اور دہشتگردوں میں فائرنگ کا تبادلہ، خودکش بمبار سمیت آٹھ دہشت گرد ہلاک، فورسز نے ٹھکانے مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔ ہلاک دہشت گرد قومی شاہراہ کو بند کرنے سیکورٹی فورسز اور شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے۔ وزیراعظم اور وزیراعلیٰ کا کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

فورسز نے 25 اور 26 جون کو دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کیا۔ سیکورٹی فورسز نے خاران میں دہشتگردوں کے ایک گروہ کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا، فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی میں 3 دہشتگرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ اس کے علاوہ 26 جون کو مستونگ میں ممکنہ خودکش حملہ آور کی موجودگی کی اطلاع پر قبل از وقت انٹیلی جنس آپریشن کیا گیا جس میں فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے جن میں ایک خودکش حملہ آور بھی شامل تھا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے خاران اور مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی دو کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو روز کے دوران 8 دہشت گرد، جن میں ایک خودکش بمبار بھی شامل تھا اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم سیکورٹی اہلکاروں کو سلام پیش کرتی ہے جو بلوچستان کے امن اور عوام کے تحفظ کے لئے ہر محاذ پر دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنا رہی ہیں۔ پاکستان سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک یہ جنگ پوری قوت، قومی عزم اور ثابت قدمی کے ساتھ جاری رہے گی۔ دریں اثناء وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خاران اور مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے سیکورٹی فورسز نے ان کے دہشت گردی کے مذموم عزائم ناکام بنا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں اور ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم سینٹرل پولیس آفس میں جلوس کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

# یوم عاشور، مجالس و جلوس خیر و عافیت سے اختتام پذیر ہوئے، وزیراعلیٰ

**امسال سیکورٹی اور انتظامی منصوبہ بندی کو مزید موثر، مربوط اور جامع بنایا گیا، سیکورٹی اداروں کو خراج تحسین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان بھر میں محرم الحرام کے حوالے سے تمام مجالس اور جلوس پرامن ماحول میں خیر و عافیت سے اختتام پذیر ہوئے۔ انہوں نے اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سول انتظامیہ، رضاکاروں، علما، منتظمین مجالس و جلوس اور عوام کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں نے بروقت، موثر بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر

اور مربوط کوآرڈینیشن کے ذریعے محرم الحرام کے دوران امن و امان کو یقینی بنانے کے لئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے گزشتہ برسوں کے تجربات کی روشنی میں اس سال سیکورٹی اور انتظامی منصوبہ بندی کو مزید موثر، مربوط اور جامع بنایا گیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کے درمیان بہترین رابطے اور مشترکہ حکمت عملی کی بدولت عزاداروں کو پرامن ماحول میں اپنے مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لئے سازگار ماحول فراہم کیا گیا۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ کی طرح مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے، برداشت اور ذمہ داری کا شاندار مظاہرہ کیا جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و استحکام کے قیام کے لئے حکومت، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام ایک ہی پیج پر ہیں اور یہی قومی یکجہتی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ انہوں نے محرم الحرام کے دوران فرائض انجام دینے والے پولیس، لیویز، ایف سی، قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں، ریسکیو سروسز، محکمہ صحت، بلدیاتی اداروں اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران و اہلکاروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیت، مستعدی اور جذبہ خدمت کی بدولت پورے صوبے میں امن و امان کی فضا برقرار رہی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان عوام کی جان و مال کے تحفظ، مذہبی آزادی اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لئے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔

سیاسی جماعتیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9


THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 30 | اتوار 28 جون 2026ء بمطابق 12 مُحرّم 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 175


# امن واستحکام کیلئے حکومت عوام اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے ایک ہی صفحے پر ہیں: وزیراعلیٰ

الحمدللہ بلوچستان بھر میں محرم الحرام کے حوالے سے تمام مجالس اور جلوس پرامن ماحول میں خیر و عافیت سے اختتام پذیر ہوئے ہیں

**گزشتہ برسوں کے تجربات کی روشنی میں اس سال سکیورٹی اور انتظامی منصوبہ بندی کو مزید مؤثر، مربوط اور جامع بنایا گیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ الحمدللہ بلوچستان بھر میں محرم الحرام کے حوالے سے تمام مجالس اور جلوس پرامن ماحول میں خیر و عافیت سے اختتام پذیر ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سول انتظامیہ، رضا کاروں، علمائے کرام، منتظمینِ مجالس وجلوس اور عوام کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں نے بروقت، مؤثر اور مربوط کوآرڈینیشن کے ذریعے محرم الحرام کے دوران امن وامان کو یقینی بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے گزشتہ برسوں کے تجربات کی روشنی میں اس سال سکیورٹی اور انتظامی منصوبہ بندی کو مزید مؤثر، مربوط اور جامع بنایا گیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کے درمیان بہترین رابطے اور مشترکہ حکمت عملی کی بدولت عزاداروں کو پرامن ماحول میں اپنے مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ کی طرح مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے، برداشت اور ذمہ داری کا شاندار مظاہرہ کیا، جو قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے حکومت، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام ایک ہی صفحے پر ہیں اور یہی قومی یکجہتی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محرم الحرام کے دوران فرائض انجام دینے والے پولیس، لیویز، ایف سی، قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں، ریسکیو سروسز، محکمہ صحت، بلدیاتی اداروں اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران و اہلکاروں کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیت، مستعدی اور جذبہ؟ خدمت کی بدولت پورے صوبے میں امن وامان کی فضا برقرار رہی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ، مذہبی آزادی اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔

## وزیراعلیٰ اور کور کمانڈر کا سینٹرل پولیس آفس کا دورہ

**عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں: وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے 10 محرم الحرام کے موقع پر سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ڈیٹا کمانڈ اینڈ کمیونیکیشن سینٹر سے لائیو کیمروں کے ذریعے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں یوم عاشور کے جلوسوں، مجالس اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر کو محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام کے لیے کیے گئے سکیورٹی اقدامات پر جامع بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں پولیس کے 32 ہزار اہلکار تعینات ہیں جبکہ ایف سی بلوچستان، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے سکیورٹی میں بھرپور معاونت فراہم کر رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ یوم عاشور کے موقع پر امن وامان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام متعلقہ ادارے مکمل ہم آہنگی اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں تاکہ صوبے بھر میں جلوسوں اور مجالس کا پرامن انعقاد یقینی بنایا جا سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس، ایف سی، پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، باہمی تعاون اور مربوط اقدامات کے باعث صوبے بھر میں یوم عاشور کے پرامن انعقاد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

## دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی

**شہباز شریف کا بلوچستان کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش**

اسلام آباد، لاہور (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں فتنہ الہندستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ بہادر سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے آٹھ دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے مذموم دہشت گردانہ عزائم کو ناکام بنا دیا۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان سمیت ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاست کی جدوجہد بلا تعطل جاری رہے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، پوری قوم اپنے بہادر سپوتوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کے امن کے دشمنوں کو ہر محاذ پر عبرتناک شکست دی جائے گی اور ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدام جاری رکھا جائے گا۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور دیگر اعلیٰ حکام کا قیام امن سے متعلق اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

ساسی جماعتیں

CLIPPING SERVICE

# Balochistan Times


92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1499 QUETTA Sunday June 28, 2026 / Muharram 12, 1448 Rs: 3

# CM, Corps Commander hail Ashura security arrangements

## Bugti orders probe into killing of Kabul Jan restaurant's owner



**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti and Corps Commander Balochistan Lieutenant General Rahat Naseem Ahmed Khan visited the Central Police Office Quetta on the occasion of 10th Muharram, where they took a detailed review of the processions, gatherings and security arrangements of Ashura in various

efforts across the province.

He stated that 32,000 police personnel have been deployed across the province on the occasion of 9th and 10th Muharram, while FC Balochistan, the Pakistan Army, and other law enforcement agencies are also providing full support in security by fully cooperating with the police to ensure the peaceful conduct of all processions and gatherings. Chief Minister Mir

capabilities, cooperation, and coordinated measures of the Police, FC, Pakistan Army, and other law enforcement agencies, the peaceful conduct of the Day of Ashura is being ensured across the province, reflecting the effectiveness of the security strategy.

Mir Sarfaraz Bugti said that the Day of Ashura teaches us the lesson of truth, patience, selflessness, sacrifice, and standing firm in the

Restaurant owner, Muhammad Hashim Noorzai, and directed Inspector General of Police Balochistan to submit a detailed report.

According to the aide to CM on Political and Media Affairs, Shahid Rind, the case has been handed over to the Special Investigation Unit to ensure a transparent, impartial, and swift inquiry. Adviser to the Chief Minister,



Lack of playgrounds leaves youth struggling to pursue sports

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 21

Daily: JANG QUETTA

Dated: 28 JUN 2026

Page No. 13

# بلوچستان کے متعدد اضلاع میں زلزلہ، رکھنی میں 110 مکانات متاثر، 18 افراد زخمی

بی اور گردونواح میں 10 بجکر 25 منٹ پر زلزلہ آیا پھر 10 بجکر 58 منٹ پر کوہلو، بارکھان اور دیگر علاقوں میں زلزلہ محسوس کیا گیا

شام 4 بجکر 49 منٹ پر کوہلو، ژوب، بارکھان، رکھنی میں ایک بار پھر 5.1 شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا، متاثرین میں خیمے، بستر اور ضروری سامان تقسیم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے متعدد اضلاع میں 5 شدت کے زلزلے کے جھٹکوں سے موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں مجموعی طور پر 110 سے زائد مکانات جزوی طور پر متاثر جبکہ کم از کم 18 افراد زخمی ہوگئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق گزشتہ صبح 10 بجکر 25 منٹ پر بی میں سمیت ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جن کی شدت ریکٹر اسکیل پر 4.2 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق 10 بجکر 58 منٹ پر کوہلو، بارکھان سمیت دیگر علاقوں میں ایک اور زلزلہ محسوس کیا گیا جس کی شدت ریکٹر اسکیل پر 5 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کا مرکز کوہلو سے شمال مشرق 65 کلومیٹر دور تھا جبکہ اس کی گہرائی زمین میں 18 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق گزشتہ شام 4 بجکر 49 منٹ پر کوہلو، ژوب، بارکھان، رکھنی میں ایک بار پھر 5.1 شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا جس کی گہرائی زمین میں 17 کلومیٹر تھی جبکہ اس کا مرکز کوہلوک سے 60 کلومیٹر شمال مشرق میں تھا۔ زلزلوں کے بعد عوام میں شدید خوف وہراس پھیل گیا جبکہ نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے ضلعی انتظامیہ نے سروے شروع کردیا۔ دریں اثناء پی ڈی ایم اے بلوچستان کی کردہ رپورٹ کے مطابق موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں دو روز کے دوران زلزلے کے متعدد جھٹکوں کے نتیجے میں مجموعی طور پر 110 سے زائد مکانات جزوی طور پر متاثر جبکہ کم از کم 18 افراد زخمی ہوگئے۔ 26 جون کو آنے والے زلزلے سے موضع چاپ سب سے زیادہ متاثر ہوا جہاں تقریباً 80 سے 90 مکانات کو نقصان پہنچا جبکہ 6 افراد معمولی زخمی ہوئے۔ 27 جون کو تحصیل کنگری میں آنے والے ایک اور زلزلے کے نتیجے میں مزید 25 سے 35 مکانات متاثر ہوئے جبکہ 10 سے 13 افراد کو معمولی نوعیت کی چوٹیں آئیں۔ ابتدائی اور مجموعی جائزے کے مطابق دونوں زلزلوں کے باعث مجموعی طور پر 110 سے 125 مکانات کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ کم از کم 18 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ زلزلے کے بعد ضلعی انتظامیہ موسیٰ خیل نے متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امدادی سرگرمیوں کا آغاز کردیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# کوئٹہ، یوم عاشور کا مرکزی ماتمی جلوس سخت سیکورٹی حصار میں اختتام پذیر

جلوس بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر عاشق حسین کی قیادت میں برآمد ہوا، باچا خان چوک جلوس کے شرکاء نے نماز ظہرین ادا کی

علماء نے واقعہ کربلا پر روشنی ڈالی، کوئٹہ سمیت صوبے کے 7 اضلاع میں موبائل فون سروس صبح 4 تا رات 12 بجے تک معطل رہی

سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے، گزشتہ برسوں کے مقابلے میں سیکورٹی انتظامات مزید موثر بنائے گئے، آئی جی پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں دسویں محرم الحرام کا ذوالجناح تعزیوں اور علموں کا مرکزی ماتمی جلوس بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر ناظم اعلیٰ عاشق حسین کی قیادت میں صبح 9 بجے مومن آباد امام بارگاہ علمدار روڈ سے برآمد ہوا جو اپنے روایتی راستوں........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

علمدار روڈ قائد آباد اسٹریٹ طوغی روڈ مشن روڈ باچا خان چوک لیاقت بازار پرنس روڈ میکانگی روڈ ابراہیم اسٹریٹ سے ہوتا ہوا علمدار روڈ مومن آباد امام بارگاہ پر شام کو اختتام پذیر ہوا باچا خان چوک پر جلوس کے شرکاء نے نماز ظہرین ادا کی اور بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر ناظم اعلیٰ عاشق حسین ہزارہ علما کرام سمیت دیگر مقررین نے عزاداروں سے خطاب کرتے ہوئے

## اے سی صدر نے مچھ سے آنے والے جلوس کی نگرانی کی

جلوس کو پرامن اور منظم انداز میں ہزارہ ٹاؤن تک پہنچایا گیا، ضلعی انتظامیہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی نے مچھ سے آنے والے جلوس کی مسلسل نگرانی کی اس موقع پر تمام روٹ کو بند اور سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر نے اپنے ماتحت عملے اور متعلقہ اداروں کے ہمراہ جلوس کے راستوں........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پر سیکیورٹی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ان کی نگرانی میں مچھ سے آنے والے جلوس کو پرامن اور منظم انداز میں ہزارہ ٹاؤن تک پہنچایا گیا ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جلوس کے شرکاء کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اور امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے گئے تھے۔

INTEKHAB QUETTA

# گوادر پورٹ سے ایران ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے نیا ہدایت نامہ جاری

ٹرانزٹ ٹریڈ سے علاقائی تجارت میں اضافہ، گبد بارڈر تک مختصر ترین زمینی راستہ قرار

گوادر (آئی این پی) گوادر پورٹ اتھارٹی نے ایران کے ساتھ ٹرانزٹ ٹریڈ کے لئے معلوماتی ہدایت نامہ جاری کردیا، جس میں گوادر پورٹ سے گبد ریمدان بارڈر کے ذریعے قانونی اور کسٹمز نگرانی میں کارگو کی ترسیل کے طریقہ کار اور سہولیات کی وضاحت کی گئی۔ ہدایت نامے کے مطابق گوادر پورٹ سے گبد بارڈر کا فاصلہ تقریباً 87 کلومیٹر ہے جو ایران تک کارگو کی ترسیل کے لئے مختصر ترین زمینی بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

راستہ قرار دیا گیا ہے۔ اس روٹ پر ٹرانزٹ ٹریڈ کو قانونی، دستاویزی اور کسٹمز کے مقررہ ضوابط کے تحت انجام دیا جائے گا۔ چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کے مطابق کارگو کی نقل وحمل کے لئے TIR Carnet، GD Transit، معہ سیکورٹی Cross-Stuffing سمیت مختلف کسٹمز آپشنز دستیاب ہوں گے۔ اس اقدام سے تاجروں، درآمد کنندگان، ٹرانسپورٹرز، کلیئرنگ ایجنٹس اور دیگر شپنگ ولاجسٹکس کے شعبے سے وابستہ افراد کو نئی کاروباری سہولیات میسر آئیں گی۔ نورالحق بلوچ کا کہنا ہے کہ اقدام کا مقصد گوادر پورٹ کی تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ، پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی روابط کو مضبوط بنانا اور گوادر کو علاقائی ٹرانزٹ ولاجسٹکس مرکز کے طور پر مزید فعال بنانا ہے۔

CamScanner

سیاسی جماعتیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 JUN 2026

Page No. 14

## ضلع زیارت میں تبلیغی جماعت پر حملہ قابل مذمت ہے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ضلع زیارت میں نامعلوم دہشت گردوں کے حملے جس میں تبلیغی جماعت کا ایک رکن شہید اور ایک زخمی جبکہ پولیس کے متعدد سپاہی زخمی ہونے کی پارٹی شدید الفاظ میں مذمت کرتی اور غمزدہ خاندان کے غم میں برابر کی شریک اور زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پر امن اور تفریحی مقام زیارت میں حملہ دراصل علاقے کے لوگوں کے روزگار پر حملہ اور طے شدہ پلان کے تحت امن خراب کر کے سیر و تفریح کا خاتمہ کرنا ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بدامنی، پورے صوبے میں جاری دہشت گردی میں آئے روز اضافہ ہوتا جارہا ہے اور صوبائی حکومت امن قائم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے۔ صورتحال کو قابو کرنے کے لیے لازمی ہے کہ فارم 47 کی زر وزور کی مسلط ناکام نااہل اور کرپٹ حکومت کا خاتمہ ہو اور نئے سرے سے صاف شفاف غیر جانبدار انتخابات کا انعقاد ہو اور عوام کا حق حکمرانی تسلیم اور اقتدار عوام کے منتخب نمائندوں کے حوالے ہو۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ضلع زیارت میں دہشت گردی کی روک تھام کی جائے۔

## کوئٹہ سے کراچی جانیوالوں کو چیک پوسٹوں پر تنگ کرنا غیر انسانی عمل ہے، ہدایت الرحمٰن

**مسافر گاڑیوں کی تلاشی کے دوران مسافروں کی عزت و وقار کا مکمل خیال رکھا جائے، گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کراچی میں جماعت اسلامی سندھ اسمبلی کے رکن محمد فاروق سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مکران، گوادر، کوئٹہ، چمن، ژوب اور بلوچستان کے دیگر علاقوں سے کراچی آنے والے مسافروں کو سندھ پولیس کی جانب سے مبینہ ہراسانی، غیر مناسب رویے اور رشوت ولوٹ مار جیسے درپیش واقعات پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان سے روزگار، علاج، تعلیم اور دیگر امور کے سلسلے میں کراچی آنے والے شہریوں کو مختلف مقامات پر بلاجواز روک کر مشکلات سے دوچار کیا جاتا ہے۔ چیک پوسٹوں پر مریضوں، خواتین، طلبا سمیت دیگر مسافروں کو شدید گرمی میں گھنٹوں انتظار کرانا نہ صرف غیر انسانی عمل بلکہ شہریوں کی عزتِ نفس کو بھی مجروح کرنا ہے جو انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مسافر گاڑیوں کی تلاشی کے لیے ایسا موثر اور باوقار طریقۂ کار وضع کیا جائے جس کے تحت سیکورٹی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے مسافروں کی عزت و وقار کا مکمل خیال رکھا، غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا اور کم سے کم وقت میں تلاشی کا عمل مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے موثر انتظامی اور اصلاحی اقدامات کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر ایم پی اے محمد فاروق نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس معاملے کو سندھ حکومت اور وزارتِ داخلہ کے سامنے بھرپور انداز میں اٹھائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری کی بزنجو ہاؤس نال آمد

**سردار اسلم جان بزنجو سے ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال**

خضدار (آن لائن) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی اور جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنماء میر یونس عزیز زہری کی بزنجو ہاؤس نال آمد۔ جہاں پر انہوں نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور سابق صوبائی وزیر زراعت سردار محمد اسلم جان بزنجو سے ملاقات کی اس موقع پر ان کے ہمراہ نیشنل پارٹی کے صوبائی فنانس سیکرٹری میر اشرف علی مینگل، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا عبدالغفار بزنجو، سیف اللہ ساجدی، حافظ اسماعیل اور حافظ احسان بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران علاقائی وسیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی ریسرچ اینڈ ایڈوکیسی میر دیدگ بزنجو اور یوسی گوار است کے وائس چیئرمین رحمت اللہ بلوچ بھی موجود تھے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری اور سردار اسلم بزنجو کے مابین سیاسی قبائلی و دیگر امور پر تبادلہ خیال ہوا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5    Dated: 28 JUN 2026    Page No. 16

## حب کے الیکٹرک کی ناقص کارکردگی، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے نظام زندگی مفلوج

## جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع اور تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جائے، صراف ایسوسی ایشن

## صوبے میں امن وامان کی صورتحال سنگین ہو چکی، مرکزی انجمن تاجران

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bullet No. 6
Daily: Balochistan Time Quetta
Dated: 28 JUN 2026
Page No. 17

# Missing green spaces

Family parks are an essential component of every modern city as they provide citizens with safe and healthy spaces for recreation, physical activity and social interaction. Unfortunately, Quetta, the provincial capital of Balochistan, continues to face a severe shortage of well-maintained family parks, leaving thousands of residents with limited opportunities to spend quality time outdoors. Despite the city's rapidly growing population and expanding residential areas, the development of public parks has remained a neglected sector for many years.

The few parks that exist in Quetta are either overcrowded, poorly maintained or lack basic facilities such as clean drinking water, proper lighting, children's play equipment, walking tracks, seating arrangements and security. As a result, families, senior citizens, women and children often hesitate to visit these parks, while many localities have no recreational facilities at all. The absence of adequate green spaces deprives people of an environment where they can relax and escape the pressures of daily life.

The lack of family parks also affects the physical and mental well-being of citizens. Children are increasingly confined to their homes, spending more time on mobile phones and electronic gadgets instead of engaging in outdoor activities. Public parks not only improve health but also strengthen social bonds by bringing communities together in a safe and welcoming environment.

One of the major reasons behind this issue is the inadequate allocation of funds for the development and maintenance of parks. Successive governments have paid limited attention to urban planning and recreational infrastructure, while priority has often been given to other development projects. As a result, the city continues to expand without sufficient green spaces to meet the needs of its residents. Investing in parks should not be considered a luxury but a necessity for sustainable urban development and public welfare.

The provincial government, Quetta Metropolitan Corporation and other relevant departments must realise the importance of creating more family parks across the city. Adequate funds should be allocated in the annual budget for the construction of new parks, the restoration of existing ones and the installation of modern recreational facilities. Private sector participation can also be encouraged through public-private partnerships to accelerate the development of quality parks.

A city cannot be considered truly developed unless it provides healthy recreational opportunities for its people. The establishment of more family parks will improve the quality of life, promote environmental sustainability and provide a safe space for families to gather. It is time for the authorities to treat this issue as a priority and ensure that the people of Quetta enjoy the recreational facilities they rightfully deserve.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated:

Page No. 18

# ریاست کی رٹ کے محافظ کامران نواز پنجوتھا اور نصیر آباد میں امن کا نیا عزم

تحریر، دھنی بخش مگسی

بلوچستان اس وقت دہشت گردی، تخریب کاری اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک فیصلہ کن مرحلے سے گزر رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے واضح اور دوٹوک بیانیے کے ذریعے یہ پیغام دیا ہے کہ ریاست کی عملداری پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور عوام کے امن کو یرغمال بنانے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ صوبائی حکومت نے پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے، اس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنے اور میرٹ پر اہل افسران کو اہم ذمہ داریاں سونپنے کی پالیسی اختیار کی ہے۔ نصیر آباد رینج میں پاکستان پولیس سروس کے قابل، دیانت دار اور نڈر افسر ایس ایس پی کامران نواز پنجوتھا کی بطور ڈی آئی جی تعیناتی بھی اسی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے کامران نواز پنجوتھا ان پولیس افسران میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنے پورے کیریئر میں قانون کی بالادستی، انصاف کی فراہمی اور حکومتی رٹ کے قیام کو ہمیشہ اپنی اولین ترجیح بنایا۔ انہوں نے عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا قائم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا اور ثابت کیا کہ ایک پیشہ ور پولیس افسر کی اصل طاقت اس کی دیانت، جرات اور عوامی خدمت کا جذبہ ہوتی ہے۔ بطور ایس ایس پی جعفرآباد ان کی کارکردگی آج بھی عوام کے ذہنوں میں تازہ ہے۔ انہوں نے جرائم پیشہ عناصر اور ڈاکوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے نہ صرف امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنایا بلکہ پولیس فورس کا مورال بلند کیا، پولیس انفراسٹرکچر میں بہتری لائی اور عوام کے دلوں میں اپنی جگہ بنائی۔ ان کے دور میں مظلوم کو انصاف ملا، کمزور کو تحفظ ملا اور قانون شکن عناصر کو یہ احساس ہوا کہ ریاست موجود ہے اور اپنا اختیار استعمال کرنا جانتی ہے۔ کامران نواز پنجوتھا اس سے قبل پنجاب کے ضلع چکوال اور سندھ کے اضلاع شکارپور، قمبر شہدادکوٹ، لاڑکانہ، میرپورخاص اور گھوٹکی میں بھی بطور ایس ایس پی اپنی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان تمام اضلاع میں جرائم کے خلاف ان کی مؤثر حکمت عملی، بہترین انتظامی صلاحیتوں اور عوام دوست طرز عمل کی مثالیں آج بھی دی جاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں بھی انہوں نے خدمات انجام دیں وہاں کے عوام نے انہیں عزت، اعتماد اور محبت سے نوازا۔ نصیر آباد ڈویژن بلوچستان کا ایک اہم اور زرخیز خطہ ہے، جس میں جعفرآباد، صحبت پور، اوستہ محمد، نصیر آباد، جھل مگسی اور کچھی شامل ہیں۔ یہ خطہ نہ صرف زرعی لحاظ سے اہم ہے بلکہ قومی شاہراہ کی وجہ سے تجارتی اور سفری اعتبار سے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ ماضی میں بولان قومی شاہراہ پر دہشت گردی کے متعدد واقعات رونما ہوئے جبکہ نوتال سے لہڑی تک ڈاکوں کی سرگرمیوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی تھی۔ مسافروں کے لیے اس شاہراہ پر سفر خوف اور بے یقینی کی علامت بنتا جا رہا تھا۔ ڈی آئی جی کا چارج سنبھالتے ہی کامران نواز پنجوتھا نے زمینی حقائق کا جائزہ لیا اور قومی شاہراہ پر پولیس پکٹنگ کے نظام کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ایسی حکمت عملی ترتیب دی جس کے تحت جرائم پیشہ عناصر کی شاہراہ تک رسائی کو محدود کیا جا سکے، جبکہ کسی بھی ممکنہ واردات کی صورت میں فوری اور مؤثر پولیس ردعمل کو یقینی بنایا جائے۔ اگر یہ منصوبہ اسی عزم کے ساتھ جاری رہا تو قومی شاہراہ پر امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آنا یقینی ہے۔ دوسری جانب کچھی اور جھل مگسی میں گزشتہ چند ماہ کے دوران پولیس چوکیوں اور تنصیبات پر دہشت گرد حملوں کی کوششیں بھی کی گئیں، تاہم بلوچستان پولیس کے بہادر جوانوں نے جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان حملوں کو ناکام بنایا اور دہشت گردوں کو پسپا ہونے پر مجبور کر دیا۔ کامران نواز پنجوتھا نے ان حساس اضلاع کے فوری دورے کر کے نہ صرف سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا بلکہ پولیس افسران اور جوانوں کا حوصلہ بھی بلند کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بارہا اس عزم کا اظہار کر چکے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف بندوق کی جنگ نہیں بلکہ ریاست کی رٹ، عوام کے اعتماد اور اداروں کی مضبوطی کی جنگ ہے۔ ان کا واضح مؤقف ہے کہ بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والوں کے لیے کسی قسم کی رعایت نہیں ہوگی۔ ریاست دشمن عناصر، دہشت گرد، ان کے سہولت کار اور جرائم پیشہ نیٹ ورکس قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔ یہی وژن آج بلوچستان پولیس کی پیشہ ورانہ حکمت عملی میں بھی نمایاں دکھائی دیتا ہے۔ کامران نواز پنجوتھا نے ماتحت پولیس اہلکاروں کے مسائل کے حل کے لیے ہفتے میں دو روز اردلی روم کے لیے مختص کیے ہیں تاکہ فورس کے مسائل بروقت حل ہوں، ان کا مورال بلند رہے اور وہ پوری دلجمعی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔ ایک مضبوط اور باحوصلہ پولیس فورس ہی دہشت گردی اور جرائم کے خلاف مؤثر دفاع ثابت ہو سکتی ہے جعفرآباد، نصیر آباد، اوستہ محمد، کچھی اور جھل مگسی میں سرگرم مقامی جرائم پیشہ گروہوں کو سندھ کے سرحدی اضلاع میں موجود ڈاکوں کی معاونت بھی حاصل رہی ہے، جس کے باعث ان کے خلاف کارروائیاں ہمیشہ ایک بڑا چیلنج رہی ہیں۔ تاہم کامران نواز پنجوتھا کی اولین ترجیح انہی جرائم پیشہ نیٹ ورکس کا سراغ لگا کر انہیں قانون کے کٹہرے میں لانا اور عوام کو مستقل تحفظ فراہم کرنا ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور انسپکٹر جنرل پولیس محمد طاہر رائے صوبے میں امن و امان کے قیام، دہشت گردی کے خاتمے اور ریاستی عملداری کے فروغ کے لیے ایک واضح وژن کے تحت کام کر رہے ہیں۔ نصیر آباد رینج میں کامران نواز پنجوتھا کی تعیناتی بھی اسی وژن کی عملی شکل ہے، جس کے مثبت اثرات آنے والے دنوں میں نمایاں ہوں گے۔ عوام کی توقعات بجا طور پر اس نئی قیادت سے وابستہ ہیں۔ اگر انہیں اسی طرح حکومتی اعتماد، ادارہ جاتی تعاون اور عوامی حمایت حاصل رہی تو وہ نہ صرف دہشت گردی اور جرائم کے خلاف ایک مؤثر مثال قائم کریں گے بلکہ نصیر آباد ڈویژن کو امن، قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کی ایک نئی علامت بنا دیں گے۔ یقیناً کامران نواز پنجوتھا اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، دیانت داری اور جرات مندی سے بلوچستان پولیس کی تاریخ میں ایسی خدمات انجام دیں گے جن پر نہ صرف نصیر آباد بلکہ پورا بلوچستان فخر کرے گا۔

CLIPPING SERVICE

P-2

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 JUN 2026

Page No. 21

(بقیہ: بلوچستان کا مالی سال کا بجٹ)

دوسری جانب ناقدین یہ سوال بھی اٹھاتے ہیں کہ کیا یہ تمام اصلاحات صوبے کے دور افتادہ اضلاع تک یکساں طور پر پہنچ رہی ہیں؟ کیا ترقی کے ثمرات صرف چند بڑے شہروں تک محدود نہیں رہ جائیں گے؟ کیا غربت، بے روزگاری، پانی کی قلت اور بنیادی ڈھانچے کے مسائل میں عملی کمی آئے گی؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کے جواب آنے والے برسوں میں سامنے آئیں گے۔



وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے ڈی سیکلائزیشن اور میرٹ کو اپنی پالیسی کا بنیادی ستون بنایا ہے کیونکہ میرٹ ہی ترقی کا واحد راستہ ہے اور اسی کے ذریعے نوجوانوں کا اعتماد بحال [illegible]

[illegible]